# حیوان کی چھاپ




20 امیزنگ فیکٹس
اسٹڈی گائیڈ





**انتباہ:** شیطان چاہتا ہے کہ آپ اِس مطالعاتی گائیڈ کو مکمل نہ کر سکیں!
ایک ٹیٹو نمبر، جلد کے نیچے کمپیوٹر چپ، یا کوئی لطیف چیز؟ یہ پوری بائبل مقدّس میں سب سے زیادہ غلط تشریح کی جانے والی پیشینگوئیوں میں سے ایک ہے۔ پھر بھی اِسے سمجھنا بے حد ضروری ہے۔ حَیوان کی چھاپ کا مطالعہ کرتے ہوئے، ہمیں کچھ حساس مسائل کو حل کرنا ہوگا، جیسے نام رکھنا اور مخصوص ہونا۔ یہ کرنا کوئی مقبول چیز نہیں ہے، لیکن ہمیں ثابت قدم رہنا چاہئے کیونکہ خُدا اپنے بندوں سے پیار کرتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ سچائی کو جانیں۔ یہ پیغام ہماری طرف سے نہیں ہے۔ یہ یسُوع کے جانب سے آیا ہوا ہے۔ اور جو لوگ حَیوان کی اِس چھاپ کو حاصل کرتے ہیں اُنہیں ابدی موت کا سامنا کرنا پڑتا ہے، یہ بات غلط ہو گی کہ اگر ہم اِس پیغام کو دوسروں تک پہنچانے میں اُس کا ساتھ نہ دیں۔ اِس لیے براہ کرم (مکاشفہ 13:1-8، 16-18، اور 14:9-12 پڑھیں)، اور رُوح القُدس کے لیے دُعا کریں کہ وہ آپ کو اِس مطالعہ کی مہم جوئی شروع کرنے سے پہلے ایک دیانت دار اور سمجھنے والا دل عطا کرے۔



## ایک ضروری یاددہانی

یہ ایک انتہائی ضروری یاددہانی کا پیغام جس کو ہم نے مطالعاتی گائیڈ نمبر 2 سے سیکھا کہ خُدا اور شیطان کے مابین ایک خوفناک کشمکش جاری ہے۔ سب سے طاقتور آسمانی فرشتہ, جس نے خُدا کے خلاف بغاوت کی۔ اُس کے ساتھ شامل ہونے والے فرشتوں کے ساتھ، اُس نے نظامِ کائنات پر قابض ہونے کی کوشش کی۔ خُدا اور وفادار فرشتوں کے پاس لوسیفر اور اُس کے فرشتوں کو آسمان سے نکالنے کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا۔ لوسیفر، جو شیطان کے نام سے مشہور ہوا، قہر آلودہ ہو گیا۔ کائنات پر اپنا تسلط قائم کرنے کے لئے اُس کا عزم تب سے ہی فروغ پا رہا تھا۔ حیرت انگیز طور پر اُس نے اپنی سرکشی سے زمین کے بیشتر لوگوں کی حمایت حاصل کر لی۔ لیکن خُداوند اپنے بندوں سے اطاعت اور حمایت کا تقاضا بھی کرتا ہے، لیکن وہ مرضی کے انتخاب کے لئے سب کو آزاد چھوڑ دیتا ہے۔ جلد ہی زمین پر ہر ایک بشر شیطان یا خُدا کے ساتھ اتحاد کرے گا۔ شیطان اور خُدا کے مابین حتمی جنگ بالکل ہمارے سامنے ہے، اور اِس کا بیان مکاشفہ کی کتاب میں کیا گیا ہے۔ یہ نبُوّتی کتاب نشاندہی کرتی ہے کہ خُدا کے پاس ایک مہر ہے، جو اُس کے لوگوں کی شناخت ٹھہرے گی۔ شیطان کے پاس بھی ایک چھاپ ہے، جو اُن لوگوں کی شناخت ہو گی جو اُس کی حمایت کرتے ہیں۔ حسبِ معمول، شیطان اپنی چھاپ کو مسلط کرنے کے لیے ایک زمینی طاقت کے ذریعے کام کرے گا جو کہ مکاشفہ میں ایک حَیوان کی علامت ہے۔ یہ مطالعاتی گائیڈ حَیوان کی چھاپ کو ظاہر کرے گی، جو آخری وقت میں ہر کھویا ہوا شخص حاصل کرے گا۔ جب تک آپ کو معلوم نہ ہو کہ اُس کی چھاپ کیا ہے، آپ اُسے حاصل کرنے سے کیسے اجتناب کریں گے؟

Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright ©2011, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved



## 1 یہ جاننے کے لئے کہ حَیوان کی چھاپ کیا ہے، ہمیں سب سے پہلے اُس حَیوان کی شناخت کرنا ضروری ہے، بائبل مقدّس اِس کی وضاحت کیسے کرتی ہے؟

**جواب:**

ہمیں حَیوان کے متعلق مکاشفہ 13:1-8،16-18 یہ 11 شناختی خصوصیات فراہم کرتا ہے۔

الف۔ یہ سمندر میں سے نکلتا ہے (آیت نمبر 1)

ب۔ یہ دانی ایل باب 7 (آیت 2) میں چار حَیوانوں کا ایک مرکب ہے۔

ج۔ اژدہا اپنی قُدرت اور اپنا تخت اور بڑا اِختیار اُسے دیتا ہے (آیت 2)

د۔ اُسے ایک زخمِ کاری لگتا ہے (آیت 3)۔

ح۔ اُس کا زخمِ کاری اچھا ہو جاتا ہے (آیت 3)۔

و۔ یہ ایک مضبوط سیاسی طاقت ہے (آیات 7,3)۔

ز۔ یہ ایک مضبوط مذہبی طاقت ہے (آیات 8,3)۔

ھ۔ حق تعالیٰ کے خلاف کفر بکنے کا مجرم ہے (آیات 6,5,1)۔

ط۔ یہ مقدّسوں سے جنگ کرتا اور اُن پر غالب آتا ہے (آیت 7)۔

ی۔ یہ 42 مہینوں تک حکمرانی کرتا ہے (آیت 5)۔

ک۔ اُس کا پُراسرار عدد 666 ہے (آیت 18)۔



کیا اِن میں سے کچھ نکات کے بارے واقفیت ہے؟ اُن کے بارے معلوم ہونا چاہئے! جب ہم نے دانی ایل باب 7 میں مخالفِ مسیح کے بارے میں مطالعہ کیا تو آپ نے متعدد چیزوں کے بارے دیکھا۔ مکاشفہ 13:1 میں متعارف کرایا گیا "حَیوان" محض "مخالفِ مسیح" کا دوسرا نام ہے، جو ہم نے دانی ایل 7 باب سے سیکھا کہ وہ پوپ کا عہدہ یعنی پاپائیت ہے۔ دانی ایل اور مکاشفہ کی کتابوں میں پیشینگوئیاں اکثر متعدد بار پیش کی جاتی ہیں، دُرست تشریح کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر بار تفصیلات شامل کی جاتی ہیں۔ اِس لیے اِس مطالعاتی گائیڈ سے مخالفِ مسیح کے بارے میں کچھ نئی چیزیں سیکھنے کی توقع کریں۔ اَب آیئے ایک ایک کرکے ان 11 نکات پر غور کریں جو حَیوان کو بیان کرتے ہیں...

الف۔ یہ سمندر میں سے نکلے گا (مکاشفہ 13:1) پیشینگوئی میں سمندر (یا پانی) سے مراد لوگ یا گنجان آبادی والے علاقے ہیں (مکاشفہ 17:15)۔ لہذا حَیوان — مخالفِ مسیح — اُس وقت کی دُنیا کی معروف قوموں کے درمیان سے اُٹھے گا۔ چونکہ پاپائیت مغربی یورپ میں سے نمودار ہوئی، لہذا یہ اِس نقطہ پر پوری اُترتی ہے۔

**وضاحتی لفظ،** "سب کی عزّت کرو۔ برادری سے محبّت رکھو۔ خُدا سے ڈرو۔ بادشاہ کی عزّت کرو" (1۔ پطرس 2:17)۔ ہم اُس کے بہت سے اچھے کاموں اور سرگرمیوں کے لئے پاپائیت کی حیثیت کو پہچاننے کے لئے یہاں رکتے ہیں۔ اُس کے ہسپتال، یتیم خانے، غریبوں کی دیکھ بھال، غیر شادی شدہ ماؤں کے گھر، اور بوڑھوں کی دیکھ بھال کو عالمی سطح پر سراہا جاتا ہے۔ ایمانداری سے بہت سی چیزوں کے لئے اُس کی تعریف کی جاسکتی ہے۔ لیکن دیگر تمام اداروں کی طرح اُس نے بھی سنگین غلطیاں کی ہیں۔ خُدا مکاشفہ کی کتاب میں اُن میں سے کچھ غلطیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ خُداوند، جو برکت اور راحت بخشتا ہے، ضرور ہے کبھی کبھار ملامت اور اصلاح بھی کرے۔ براہ کرم اُس کے رُوح القُدس سے کہیں کہ وہ آپ سے بات کرے جب آپ اِس اہم موضوع کا مطالعہ جاری رکھتے ہیں۔



ب۔ یہ دانی ایل باب 7 کے چار حَیوانوں کا ایک مرکب ہوگا (مکاشفہ 13:2)۔ نیچے دیے گئے موازنہ کا مطالعہ کریں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ یہ سب کیسے آپس میں باہم میل کھاتے ہیں:

| | دانی ایل باب 7 | مکاشفہ باب 13 |
|---|---|---|
| بابل | شیر نما حَیوان (آیت 4) | منہ شیر کا (آیت 2) |
| مادی فارس | ریچھ نما حَیوان (آیت 5) | پاؤں ریچھ کے (آیت 2) |
| یونان | چیتے نما حَیوان (آیت 6) | چیتے {تیندوے} کی طرح (آیت 2) |
| روم | دس سینگ والا حَیوان (آیت 7) | اُس کے... دس سینگ (آیت 1) |

دانی ایل 7 باب کے چاروں حَیوانوں کو مخالفِ مسیح کے حصّے کے طور پر دِکھایا گیا ہے، حَیوان، کیونکہ پاپائیت نے چاروں سلطنتوں کے مُلحد عقائد اور روایات کو مشترکہ طور تشکیل دیا۔ اُس نے اِنہیں رُوحانی لبادہ پہنایا اور مسیحی تعلیمات کے طور پر دُنیا میں اُن کی تشہیر کر دی۔ یہاں تاریخ کی دلیلوں کو سچ ثابت کرنے والے بہت سے بیانات میں سے ایک یہ ہے: "ایک خاص حوالے سے، [پاپائیت] نے رومن سلطنت کی تنظیم سے اپنی تنظیم نو کی نقل کی ہے۔ رومی سلطنت نے سقراط، افلاطون اور ارسطو کے فلسفیانہ ادراک کو محفوظ اور نتیجہ خیز بنا دیا ہے، جو وحشی قبائل اور بازنطینی رومن سلطنت دونوں سے لیا تھا، "لیکن وہ بیرونی ذرائع سے حاصل کردہ تمام اجزاء کو اچھی طرح اپنے اندر سما لیتی ہے، اور ہمیشہ خود قائم رہتی ہے۔"[1] یہ بات یقیناً پاپائیت پر پُوری اُترتی ہے۔

ج۔ حَیوان اپنی طاقت، تخت (دارالحکومت)، اور اختیار اژدہا سے حاصل کرتا ہے (مکاشفہ 13:2)۔

اژدہا {ڈریگن} کی شناخت کے لئے، ہم مکاشفہ کے باب 12 پر نظر ڈالتے ہیں، جہاں خُدا کی آخری وقت کی کلیسیاء کو ایک پاکیزہ عورت کے طور پر دِکھایا گیا ہے۔ پیشینگوئی، میں ایک پاکیزہ عورت خُدا کے سچے لوگوں یا کلیسیاء کی نمائندگی کرتی ہے (یرمیاہ 6:2)۔ (مطالعاتی گائیڈ نمبر 23 میں، ہم مکاشفہ 12 باب کی خُدا کی آخری وقت کی کلیسیاء (بقیہ) کے بارے میں ایک تفصیلی مطالعہ پیش کریں گے)۔ مطالعاتی گائیڈ نمبر 22 مکاشفہ 17 اور 18 ابواب کی وضاحت کی گئی ہے، جہاں گری ہوئی کلیسیاؤں کی علامت ایک برگشتہ ماں اور اُس کی برگشتہ بیٹیاں ہیں۔) پاک دامن عورت کو حاملہ کے طور پر پیش کیا گیا ہے جو جننے کی تکلیف میں ہے۔ اور وہ اژدہا اُس عَورت کے آگے جا کھڑا ہوتا ہے تاکہ جب وہ جنے تو اُس کے بچّے کو نِگل جائے۔ تاہم، جب بچہ پیدا ہوتا ہے، وہ اژدہا سے بچ جاتا ہے، اپنا مشن پورا کرتا ہے، اور پھر آسمان پر چڑھ جاتا ہے۔ یہ بچہ یسُوع کی نمائندگی کرتا ہے، جسے ہیرودیس نے بیت اللحم میں تمام بچوں کو مار کر تباہ کرنے کی کوشش کی (متی 2:16)۔ تو اژدہا یہاں بُت پرست روم کی نمائندگی کرتا ہے، جس میں سے ہیرودیس بادشاہ تھا۔ ہیرودیس کی سازش کے پیچھے ماسٹر مائنڈ شیطان تھا (مکاشفہ 12:7-9)۔ شیطان اپنے گھناونے کام کو انجام دینے کے لئے مختلف طریقوں سے کام کرتا ہے۔ اِس معاملے میں بُت پرست روم کو استعمال کرتا ہے۔

یہاں تاریخ سے صرف دو معاون حوالہ جات ہیں، اگرچہ بہت سے اور بھی حوالہ جات موجود ہیں:

(1) "رومن چرچ... نے خود کو رومن عالمگیر... مملکت کی جگہ پر دھکیل دیا، جس کا یہ اصل تسلسل ہے۔... پوپ... قیصر کا جانشین ہے۔"[2] (2) طاقتور کیتھولک کلیسیاہ. بپتسمہ یافتہ رومی سلطنت کے مقابلہ میں تھوڑی طاقتور تھی۔ روم نے مسیحی ہونے کے ساتھ ساتھ اپنی صورت تبدیل کر لی۔ پرانی سلطنت کا دارالحکومت مسیحی سلطنت کا دارالحکومت بن گیا۔ پوپ کے دفتر میں Pontifex Maximus کا دفتر جاری رکھا گیا۔[3] اس نے اپنا دارالحکومت اور طاقت بُت پرست روم سے حاصل کی۔

د۔ اُس کو ایک زخم کاری لگے گا (مکاشفہ 3:13)۔

یہ زخم کاری اُس وقت لگا جب نپولین بوناپاٹ کا جنرل، الیگزینڈر بر تھیئر، روم میں داخل ہوا اور فروری 1798 عیسوی میں پوپ پائیس ششم کو اسیر بنالیا۔ نپولین نے حکم جاری کیا کہ پوپ کی موت پر، پوپ کا عہدہ ختم ہو جائے گا۔ پوپ کا انتقال اگست 1799 میں فرانس میں ہوا۔ "آدھے یورپ کا خیال تھا... کہ پوپ کے ساتھ پاپائیت بھی مر چکی ہے۔" نکتہ نمبر 4 تو یہ نکتہ پاپائیت کے عہدہ پر بھی پورا اُترتا ہے۔

ح۔ اُس کا زخم کاری مندمل ہو جائے گا، اور ساری دُنیا اُس حَیوان کو خراج تحسین پیش کرے گی (مکاشفہ 3:13)۔

اُس کے ٹھیک ہونے کے بعد سے، پوپ کی طاقت میں اضافہ ہوا ہے۔ آج وہ دُنیا کی سب سے طاقتور مذہبی سیاسی تنظیموں اور اثر و رسوخ کے مراکز میں سے ایک ہے۔



## پوپ کے بارے

میں وہ ہماری دُنیا میں سب سے مشہور شخصیت ہے۔ دُنیا کے لوگ اُنہیں ایک مضبوط اخلاقی رہنما کے طور پر دیکھتے ہیں۔ جب وہ دوسرے ممالک کا دورہ کرتا ہے تو ہزاروں کیتھولک اور غیر کیتھولک لوگوں کی ایک کثیر بھیڑ جمع ہو جاتی ہے۔ سن 2015 میں، اُنہوں نے تاریخ میں پہلی بار ریاستہائے متحدہ امریکہ کانگریس کے مشترکہ اجلاس سے خطاب فرمایا تھا۔

## پاپائیت {Papacy} کے حوالے سے

"ایک امریکی سفیر نے کہا ہے کہ ویٹیکن ایک "سننے کی جگہ" کے طور پر بے مثال ہے۔"[5] پاپائی نظام کی تشکیل پہلے ہی دُنیا بھر میں کنٹرول کے لیے تیار ہے۔ واضح طور پر، زخم مندمل ہو رہا ہے اور اقوام عالم کی نظریں ویٹیکن پر ہیں، جو بائبل مقدّس کی پیشینگوئی کے مطابق ہے۔

و۔ یہ ایک مضبوط سیاسی طاقت بن جائے گا (مکاشفہ 13:3،7)۔

اُوپر نشان "ح" کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے، دیکھیں

ز۔ یہ ایک بہت ہی طاقتور مذہبی تنظیم بن جائے گی (مکاشفہ 13:3،8)۔

اوپر نشان "ح" کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے، دیکھیں

ھ۔ یہ حق تعالیٰ کے خلاف کفر بکنے کا قصوروار ہو گا (مکاشفہ 13:5،6)۔

پاپائیت خُدا کے خلاف کفر بولنے کی مجرم ہے کیونکہ اُس کے کاہن گناہوں کو معاف کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں اور اُس کے پوپ یسُوع مسیح ہونے کا دعوی کرتے ہیں۔

ط۔ یہ مقدّسوں کے ساتھ جنگ کرے گا اور اُن پر غالب آئے گا (مکاشفہ 13:7)۔

پاپائیت نے تاریک دَور میں لاکھوں مقدّسوں پر ظلم و ستم ڈھایا اور ہلاک کیا۔



ی۔ یہ 42 مہینے تک حکمرانی کرے گا (مکاشفہ 13:5)۔

پیشینگوئی کے مطابق پاپائیت نے 42 مہینوں تک حکومت کی۔ جو 538 عیسوی سے 1798 تک 1،260 سال کے برابر بنتی ہے۔

ملاحظہ نشان "ی" اور "ھ" شروع سے آخر تک واضح طور پر پاپائیت پر پورے اُترتے ہیں۔ ہم نے ان نقطوں کو یہاں صرف مختصر طور پر احاطہ کیا ہے کیونکہ مطالعاتی گائیڈ نمبر 15، سوال 8 میں مکمل طور پر اس کا احاطہ کر دیا گیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| V | = | 5 |
| I | = | 1 |
| C | = | 100 |
| A | = | 0 |
| R | = | 0 |
| I | = | 1 |
| U | = | 5* |
| S | = | 0 |
| | | 112 |
| F | = | 0 |
| I | = | 1 |
| L | = | 50 |
| I | = | 1 |
| I | = | 1 |
| | | 53 |
| D | = | 500 |
| E | = | 0 |
| I | = | 1 |
| | | 501 |
| ٹوٹل | | 112 |
| | | 53 |
| | | 501 |
| | | 666 |

*V اور U دونوں برابر ہیں۔ رومن ہندسوں میں پانچ۔

### ک۔ اُس کا پُراسرار عدد 666 ہو گا (مکاشفہ 18:13)۔

اس آیت میں کہا گیا ہے، "یہ ایک آدمی کا عدد ہے،" اور مکاشفہ 2:15 سے مراد "اس کے نام کا عدد ہے"۔ جب آپ پاپائیت کے بارے میں سوچتے ہیں تو آپ کس آدمی کے بارے میں سوچتے ہیں؟ قدرتی طور پر، ہم پوپ کے بارے میں سوچتے ہیں۔ اُس کا سرکاری نام کیا ہے؟ یہاں ایک کیتھولک اقتباس ہے: "روم کے پوپ کا عنوان ویکریس فیلی دیئ {Vicarius Filii Dei} ہے "(انگریزی: "[خُدا کے بیٹے کا جانشین] {رومن کیتھولک} پادری")۔[6] ملاکی مارٹن، The Keys of This Blood میں، صفحہ 114 پر پوپ کے لیے وہی عنوان استعمال کرتا ہے۔ بائبل کے کچھ ڈوئے ورژن میں مکاشفہ 18:13 کے لیے ایک فوٹ نوٹ کہتا ہے، "اس کے نام کے عددی حروف اس عدد کو بنائیں گے۔" دائیں طرف چارٹ پر غور کریں، جو ظاہر کرتا ہے کہ جب ہم نام کے حروف کی رومن عددی قیمت کو جمع کرتے ہیں تو کیا ہوتا ہے۔ "ایک بار پھر، پاپائیت شناختی نقطہ پر پورا اُترتی ہے۔ "چھاپ" والا حیوان پاپائیت ہے۔ تاریخ کی کوئی دوسری طاقت اِن 11 آسمانی وضاحتی نکات کو ممکنہ طور پر پورا نہیں کر سکتی۔ اب جب کہ ہم نے حَیوان کی مثبت شناخت کر لی ہے، ہم اُس کی چھاپ، یا اختیار کی علامت کو تلاش کر سکتے ہیں۔ لیکن سب سے پہلے، آیئے خُدا کے اختیار کی نشانی کو دیکھیں۔

1 André Rétif, *The Catholic Spirit*, trans. by Dom Aldhelm Dean, Vol. 88 of *The Twentieth Century Encyclopedia of Catholicism* (New York: Hawthorne Books, 1959), 85.
2 Adolf Harnack, *What Is Christianity?* trans. by Thomas Bailey Saunders (New York: Putnam, 2nd ed., rev., 1908), 270.
3 Alexander Clarence Flick, *The Rise of the Mediaeval Church* (New York: Burt Franklin, 1959), 148, 149.
4 Joseph Rickaby, "The Modern Papacy," *Lectures on the History of Religion,* Lecture 24, (London: Catholic Truth Society, 1910).
5 Malachi Martin, *The Keys of This Blood* (New York, Simon & Schuster, 1990)
6 "Answers to Readers' Questions," *Our Sunday Visitor,* Nov. 15, 1914, p. 3

## 2 کیا خُدا کے اختیار کی مہر یا نشانی ہے؟

"اور میں نے اپنے سبت بھی اُن کو دِئے تا کہ وہ میرے اور اُن کے درمیان نِشان ہوں تا کہ وہ جانیں کہ میں خُداوند اُن کا مقدّس کرنے والا ہُوں" (حزقی ایل 12:20) "میرے اور بنی اِسرائیل کے درمیان یہ ہمیشہ کے لئے ایک نِشان رہے گا اِس لئے کہ چھ دِن میں خُداوند نے آسمان اور زمین کو پَیدا کیا اور ساتویں دِن آرام کر کے تازہ دَم ہُوا" (خروج 17:31)۔ "اور اُس نے خَتنہ کا نِشان پایا کہ اُس اِیمان کی راست بازی پر مہر ہو جائے جو اُسے نامختُونی کی حالت میں حاصل تھا تاکہ وہ اُن سب کا باپ ٹھہرے جو باوُجُود نامختُون ہونے کے اِیمان لاتے ہیں اور اُن کے لئے بھی راست بازی محسُوب کی جائے" (رومیوں 11:4)۔

**جواب:** اِن نصوص میں خُدا کہہ رہا ہے کہ اُس نے ہمیں اپنا سبت دیا جو اُس کی خالقانہ قُدرت اور ہمیں پاک کرنے (تبدیل کرنے اور بچانے) کی طاقت کی علامت کے طور پر دیا۔ بائبل مقدّس میں، الفاظ مہر، نشان، پہچان، اور یادگار ایک دوسرے کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔[7] خُدا کی نشانی، سبت، خالق اور نجات دہندہ کے طور پر حکومت کرنے کی پاک طاقت کی نمائندگی کرتی ہے (مکاشفہ 7:1-3) کہتا ہے کہ یہ اُس کے لوگوں کی پیشانیوں (ذہنوں- عبرانیوں 16:10) پر لکھا جائے گا۔ مہر اِس بات کی تصدیق کرے گی کہ وہ اُس کی ملکیت ہیں اور اُس کے کردار ہیں۔ (عبرانیوں 4:4-10) یہ کہہ کر اِس کی تصدیق کرتا ہے کہ جب ہم اُس کے آرام میں داخل ہوتے ہیں (نجات حاصل کرتے ہیں)، تو ہمیں اُس کے ساتویں دن کے سبت کو نجات کی علامت، یا نشان کے طور پر مقدّس رکھنا چاہیے۔ حقیقی سبت کے دن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ایک شخص نے اپنی زندگی یسُوع مسیح کو سونپ دی ہے اور یسُوع جہاں کہیں بھی اُس کی رہنمائی کرتا ہے وہ پیروی کرنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ چونکہ خُدا کے اعتماد اور قدرت کی علامت اُس کا مقدّس سبت کا دن ہے، ایسا لگتا ہے کہ خُدا کے چیلنج —— حَیوان کی علامت، یا چھاپ، میں بھی ایک مقدّس دن شامل ہو سکتا ہے۔ چلیں دیکھتے ہیں اگر یہ ہوتا ہے۔

7۔ پیدائش 11:17 کا مقابلہ رومیوں 11:4 اور مکاشفہ 3:7 کا مقابلہ حزقی ایل 4:9 سے کریں۔



## 3 پاپائیت اپنے اختیارات کی علامت، یا چھاپ کے متعلق کیا کہتی ہے؟

**جواب:** کیتھولک کیٹیچیزم کے درج ذیل حصے پر غور کریں: "سوال: کیا آپ کے پاس یہ ثابت کرنے کا کوئی دوسرا طریقہ ہے کہ چرچ کے پاس احکام کو بدلنے یا تہواروں کو قائم کرنے کا اختیار ہے؟ جواب: اگر اُس کے پاس اتنی طاقت نہ ہوتی تو وہ ایسا نہیں کر سکتی تھی جس میں تمام جدید مذاہب اُس سے متفق ہوں—— وہ ہفتے کے پہلے دن اتوار کو ساتویں دن ہفتہ کو منانے کی جگہ نہیں لے سکتی تھی۔ جس کے لیے کوئی صحیفائی اختیار نہیں ہے۔"[8]

پاپائیت کا عہدہ یہاں یہ کہہ رہا ہے کہ اُس نے سبت کو اتوار سے "تبدیل" کر دیا ہے اور عملی طور پر تمام گرجاگھروں نے نئے مقدّس دِن کو قبول کر لیا ہے۔ اِس طرح پاپائیت، کا دعویٰ ہے کہ اتوار بطور ایک مقدّس دن کے اُس کی طاقت اور اختیار کی چھاپ، یا علامت ہے۔


8 Stephen Keenan, A Doctrinal Catechism [FRS No. 7.], (3rd American ed., rev.: New York: Edward Dunigan& Bro., 1876), 174.

## 4 کیا خُدا نے تبدیلی کی کوشش کی بابت کوئی ایسی پیشینگوئی کی تھی؟

**جواب:** ہاں۔ دانی ایل 7:25 میں مخالفِ مسیح کی تفصیل بتاتے ہوئے، خُدا نے کہا کہ یہ "مقرّرہ اَوقات و شریعت کو بدلنے کی کوشش کرے گا"

الف۔ پاپائیت نے خُدا کی شریعت کو بدلنے کی کیسے کوشش کی ہے؟ تین طریقوں سے: اُس نے اپنے کیٹیکزم میں (1) تراشی ہوئی مورتوں کی تعظیم کی خاطر دوسرے حکم کو چھوڑ دیا ہے، اور (2) چوتھے (سبت) کے حکم کو 94 الفاظ سے مختصر کر کے صرف 8 الفاظ تک محدود کر دیا ہے۔ سبت کا حکم (خروج 20:8-11) واضح طور پر سبت کو ہفتے کے ساتویں دن کے طور پر بیان کرتا ہے۔ جیسا کہ پاپائیت کے ذریعے اُس کے کیٹیکزم میں تبدیلی کی گئی ہے، حکم میں یوں مرقوم ہے، "یاد کر کے تو سبت کا دِن پاک ماننا" اس طرح لکھا، یہ کسی بھی دن کا حوالہ دے سکتا ہے۔ اور، آخر میں، اُس نے (3) دسویں حکم کو دو احکام میں تقسیم کیا۔

ب۔ پاپائیت نے خُدا کے اوقات کو کیسے بدلنے کی کوشش کی ہے؟ دو طریقوں میں: (1) اُس نے سبت کے دن کو ساتویں دن سے پہلے دن میں بدلنے کی کوشش کی ہے۔ (2) اُس نے سبت کے آغاز اور اختتامی اوقات کے لیے خُدا کے "وقت" کو تبدیل کرنے کی بھی کوشش کی۔ خُدا کے حکم کے مطابق سبت کے دن کو جمعہ کی رات غروب آفتاب سے لے کر ہفتہ کی رات تک گننے کی بجائے، (احبار 23:32)، اُنہوں نے ہفتے کی آدھی رات کو اتوار کی آدھی رات کی گنتی کے دن کے ضابطہ کو بُت پرست رومن رواج سے اپنایا۔ خُدا نے پیشینگوئی کی ہے کہ اُن "تبدیلیوں" کی کوشش حَیوان، یا مخالفِ مسیح کے ذریعے کی جائے گی۔





کیتھولک کیٹکزم کے درج ذیل حصّے پر غور کریں:

"سوال: سبت کادن کون سا ہے؟
جواب: ہفتہ سبت کادن ہے۔

سوال: ہم ہفتہ کے بجائے اتوار کیوں مناتے ہیں؟
جواب: ہم ہفتہ کے بجائے اتوار کو مناتے ہیں کیونکہ کیتھولک چرچ نے تقدیس کو ہفتہ سے اتوار تک منتقل کردیا تھا۔"[9]

یہاں ایک اور کیتھولک بیان ہے:

"چرچ بائبل مقدّس سے افضل ہے۔اور ہفتہ سے اتوار تک سبت کے دن کی یہ منتقلی اِس حقیقت کا مثبت ثبوت ہے۔"[10]

پاپائیت اِن حوالوں میں کہہ رہی ہے کہ اتوار کی عبادت میں سبت کے دن کی اُس کی "تبدیلی "اِس بات کا ثبوت ہے کہ اُس کا اختیار کلام پاک سے بالاتر ہے۔

9 Peter Geiermann, *The Convert's Catechism of Catholic Doctrine* (St. Louis: B. Herder Book Co., 1957 ed.), 50.
10 *The Catholic Record* (London, Ontario, Canada, Sept. 1, 1923).

## 5 کوئی باشعور شخص خُدا کے مقدّس دن کو تبدیل کرنے کی کوشش کیسے کر سکتا ہے؟

**جواب:** ہم پاپائیت سے پوچھتے ہیں، "کیا آپ نے واقعی سبت سے اتوار کو تبدیل کر دیا؟ وہ جواب دیتی ہے، "جی ہاں، ہم نے کیا۔ یہ ہمارے اختیار اور طاقت کی علامت یا نشانی ہے، ہم پوچھتے ہیں، "آپ ایسا کرنے کا سوچ بھی کیسے سکتے ہیں؟ "اگرچہ یہ ایک مناسب سوال ہے، لیکن پاپائیت سرکاری طور پر پروٹسٹنٹ سے جو سوال پوچھتی ہے وہ اِس سے بھی زیادہ مناسب ہے۔ براہ کرم اسے غور سے پڑھیں:

آپ مجھے بتائیں گے کہ ہفتہ یہودی سبت کا دن تھا، لیکن مسیحی سبت کو تبدیل کر کے اتوار کر دیا گیا ہے۔ بدل گیا! کس کے ذریعہ مختص کیا؟ کسے اتنا اختیار ہے کہ وہ خُدا قادر مطلق کے ایک واضح حکم کو تبدیل کرے؟ جب خُدا نے بات کی اور فرمایا، تُو سبت کے دِن کو پاک ماننا، کون ہے جو یہ کہنے کی ہمت کرے گا، نہیں، آپ سبت یعنی ساتویں دن دُنیا میں ہر طرح کا کام کر سکتے ہیں۔ لیکن تو پہلا دن مقدّس رکھنا چاہئے؟ یہ ایک بہت اہم سوال ہے، مجھے نہیں معلوم کہ آپ کس طرح اِس کا جواب دوگے۔ آپ پروٹسٹنٹ ہیں، اور آپ صرف بائبل اور بائبل مقدّس کے مطابق چلنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ اور پھر بھی ایک اہم معاملے میں ہفتہ کی بجائے پہلے دن کو مقدّس دن کے طور پر مناتے ہو، آپ بائبل مقدّس کے سادہ خط کے خلاف جاتے ہں، اور اُس دن کی جگہ ایک اور دِن رکھ دیتے ہیں جس کا بائبل نے حکم دیا ہے۔ ساتویں دن کو مقدس رکھنے کا حکم دس احکام میں سے ایک ہے۔ آپ کو یقین ہے کہ باقی نو احکام اب بھی لاگو ہیں؛ آپ کو چوتھے کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کا اختیار کس نے دیا؟ اگر آپ اپنے اصولوں سے مطابقت رکھتے ہیں، اگر آپ واقعی بائبل اور صرف بائبل کی پیروی کرتے ہیں، تو آپ کو نئے عہد نامے کا کچھ حصّہ پیش کرنے کے قابل ہونا چاہیے جس میں یہ چوتھا حکم واضح طور پر تبدیل کیا گیا ہے۔ "[11]

افسوسناک بات یہ ہے کہ، کیتھولک اور پروٹسٹنٹ خُدا کے سبت کو رد کرنے کے لئے غلطی پر کھڑے ہیں—— یہ شناخت کی علامت ہے۔

11 *Library of Christian Doctrine: Why Don't You Keep Holy the Sabbath-Day?* (London: Burns and Oates, Ltd.), 3, 4.

# احتیاط

## 6 خُدا نے اپنے قانون اور اپنی نشانی یا مہرِ کے بارے میں کیا باضابطہ وارننگ دی ہے؟



**جواب:**

الف۔ خُداوند ہی رہنماؤں کو یہ کہہ کر لوگوں کو ٹھوکر کھلانے کے خلاف خبردار کرتا ہے کہ کچھ حکموں سے کوئی فرق نہیں پڑتا (ملاکی 2:7-9)۔ مثال کے طور پر، کچھ خادمین سکھاتے ہیں، "اِس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کس دِن کو مقدّس رکھتے ہیں۔"

ب۔ خُدا اُن لوگوں کو خبردار کرتا ہے۔ "جو نبیوں سے کہتے ہیں ہم پر سچّی نُبوّتیں ظاہِر نہ کرو۔ ہم کو خُوش گوار باتیں سُناؤ اور ہم سے جُھوٹی نبُوّت کرو" (یسعیاہ 30:9،10)۔

ج۔ خُدا لوگوں کو اُن کے دلوں کو اپنی شریعت کی سچائی کے خلاف سخت کرنے کے بارے میں خبردار کرتا ہے۔ (زکریاہ 7:12)۔

د۔ خُدا فرماتا ہے کہ زمین کی افراتفری، المیہ، مسائل، اور مصیبتیں اِس لیے آتی ہیں کہ لوگ اُس کی شریعت پر عمل کرنے سے انکار کرتے ہیں—اور اُسے بدلنے کی کوشش بھی کی ہے (یسعیاہ 24:4-6)۔

ح۔ خُداوند ہی رہنماؤں کو خبردار کرتا ہے جو آخری وقت کی پیشین گوئیوں کی تبلیغ سے انکار کرتے ہیں (یسعیاہ 29:10،11)۔

و۔ خُدا خبردار کرتا ہے کہ جو رہنما تعلیم دیتے ہیں وہ واقعی پاک چیزوں (جیسے خُدا کا مقدس سبت کا دن) اور عام چیزوں (جیسے اتوار) میں کوئی فرق نہیں رکھتے اُس کے غضب کا سامنا کریں گے (حزقی ایل 22:26،31)۔


## 7 (مکاشفہ 13:16) میں کہا گیا ہے کہ لوگ حَیوان کی چھاپ پیشانی یا ہاتھ پر لیں گے۔ اِس کا کیا مطلب ہے؟



**جواب:** پیشانی دماغ کی نمائندگی کرتی ہے (عبرانیوں 10:16)۔ اتوار کو مقدّس دن کے طور پر ماننے کے فیصلے کے ذریعے ایک شخص کی پیشانی پر نشان لگایا جائے گا۔ ہاتھ کام کی علامت ہے: (واعظ 9:10)۔ خُدا کے مقدّس سبت کے دن کام کرنے یا عملی وجوہات (نوکری، خاندان، وغیرہ) کے لئے اتوار کے قوانین کے ساتھ جانے سے ایک شخص کو ہاتھ میں نشان زد کیا جائے گا۔ مہرِ، یا چھاپ، خُدا یا حَیوان میں سے کسی ایک کے لئے لوگوں کے لئے پوشیدہ ہو جائے گا۔ دراصل آپ، یا تو خُدا کی مہرِ کو قبول کر کے اپنے آپ کو نشان زد کریں گے—سبت کے دن—یا حَیوان کی چھاپ—اتوار کو۔ "اُس پر یہ مہرِ ہے کہ خُداوند اپنوں کو پہچانتا ہے اور جو کوئی خُداوند کا نام لیتا ہے ناراستی سے باز رہے" (2۔ تیمتھیس 2:19)۔

## 8 (یسعیاہ 58:1، 13، 14) کے مطابق، آخری دنوں میں خُدا اپنے لوگوں کو کیا فیصلہ کُن پیغام دیتا ہے؟

"گلا پھاڑ کر چِلاّ۔ دریغ نہ کر۔ نرسنگے کی مانِند اپنی آواز بُلند کر اور میرے لوگوں پر اُن کی خطا اور یعقُوب کے گھرانے پر اُن کے گناہوں کو ظاہِر کر۔ اگر تُو سبت کے روز اپنا پاؤں روک رکھے اور میرے مقدّس دِن میں اپنی خُوشی کا طالب نہ ہو اور سبت کو راحت اور خُداوند کا مقدّس اور مُعظّم کہے ......۔ تب تُو خُداوند میں مسرُور ہوگا" (یسعیا 58:1، 13، 14)۔




**جواب:** وہ اپنے لوگوں کو بتانے کے لیے کہتا ہے کہ وہ گناہ کر رہے ہیں کیونکہ وہ اُس کے مقدّس دِن کو روندر ہے ہیں، اور وہ اُن سے کہتا ہے کہ وہ سبت کو توڑنا چھوڑ دیں تاکہ وہ اُن کو برکت دے سکے۔ وہ چاہتا ہے کہ اُس کا پیغمبر بلند آواز سے بولے تاکہ لوگ سنیں۔ (مکاشفہ 14:9-12) تیسرے فرشتہ پر غور کریں۔ جو حَیوان کی چھاپ کے بارے میں پیغام لاتا ہے، وہ بھی بلند آواز سے بولتا ہے (آیت 9)۔ یہ پیغام اتنا اہم ہے کہ اِسے معمولی نہیں سمجھنا چاہیے۔ یہ زندگی یا موت کا مسّلہ ہے! یسُوع نے کہا، "میری بھیڑیں میرے لوگ میری آواز سُن کر میری پیروی کریں گی" (یوحنا 10:16، 27)۔

## 9 جو لوگ اتوار کو مقدّس دن کے طور پر عبادت کرتے ہیں کیا اَب اُن پر حَیوان کی چھاپ ہے؟

**جواب:** یقیناً نہیں! جب تک کہ اتوار کی عبادت قانون کے ذریعہ زبردستی ایک مسّلہ نہ بن جائے کسی پر بھی حیوان کی چھاپ نہیں ہو گی۔ اُس وقت، وہ لوگ جو حَیوان کی جھوٹی تعلیمات پر عمل کرنے اور اتوار کو عبادت کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں — حَیوان کے جعلی مقدّس دن — اُس کی چھاپ حاصل کریں گے۔ جو لوگ یسُوع کی پیروی کرتے ہیں اور اُس کی سچائی کو مانتے ہیں وہ اُس کے سبت کے دِن کو پاک مانیں گے وہ خُدا کی مہرِ حاصل کریں گے۔ جو لوگ مستقبل میں حَیوان کی چھاپ سے انکار کرنے کی توقع رکھتے ہیں اُنہیں اَب یسُوع کے سبت کے جھنڈے کے نیچے آنا چاہیے۔ اُس کی طاقت اُن لوگوں کے لئے دستیاب ہے جو اُس کی اطاعت کرتے ہیں (اعمال 5:32) اُس سے جُدا ہو کر ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ (یوحنا 15:5)۔ اُس کے وسیلہ، سب کچھ ممکن ہے (مرقس 10:27)۔





## 10 مکاشفہ کی کتاب کے مطابق، یوحنا نے خُدا کی اَبدی بادشاہی میں کس کو دیکھا؟

**جواب:** جواب تین نکات پر مشتمل ہے اور بہت واضح ہے۔

الف۔ جن کے ماتھوں پر خُدا کی مہر— نشانی (سبت کا دن ہے) ہے (مکاشفہ 7:3،4)۔

ب۔ وہ لوگ جنہوں نے حَیوان یا اُس کے بُت کے ساتھ شناخت کرنے سے انکار کیا اور جنہوں نے اپنے ماتھے پر اُس کی چھاپ یا اُس کے نام کے عدد کو لینے سے انکار کیا (مکاشفہ 15:2)۔

ج۔ وہ لوگ جو— آج اور ہمیشہ کے لیے یسُوع کی پیروی کرتے ہیں، ہر چیز میں اُس پر مکمل اعتماد کرتے ہیں (مکاشفہ 14:4)۔

## 11 یسُوع آج لوگوں کو کیا کہہ رہا ہے؟

"جو میری پیرَوی کرے گا وہ اندھیرے میں نہ چلے گا بلکہ زِندگی کا نُور پائے گا" (یوحنا 8:12)۔

**جواب:** یا شاندار وعدہ ہے! اگر ہم اُس کی پیروی کرتے ہیں، تو ہم تاریکی میں نہیں بھٹکیں گے بلکہ، اُس کے بجائے، شاندار سچائی حاصل کریں گے۔ مزید، اُس کی پیروی کرنا اور اُس کے سبت کو پاک رکھنا ہماری پیشانیوں پر خُدا کی مہر کا نشان لگا دے گا اور ہمیں اُن خوفناک آفتوں سے بچائے گا (زبور 91:10) جو نافرمانوں پر پڑیں گی (مکاشفہ 16)۔ یہ ہمیں یسُوع کی آمد ثانی پر تبدیلی کے لئے تیار ہونے کی حیثیت سے بھی نشان زد کرتا ہے۔ خُدا نے ہمیں کتنی برکت اور یقین دہانی کی ہے!

**ایک فوری انتباہ:**
آپ کو مزید حیران کن معلومات دریافت ہوں گی جب آپ نو میں سے آخری تین مطالعاتی گائیڈز کا مطالعہ کریں گے جو (مکاشفہ 14:6-14) کے تین فرشتوں کے پیغامات سے متعلق ہیں۔ (1) زمین کے آخری تنازعہ میں ریاستہائے متحدہ امریکہ کا کردار، (2) دُنیا کی کلیسیائیں اور مذاہب کس طرح شامل ہوں گے، (3) دُنیا کے کون سے حالات زمین کی آخری جنگ کو تیز کریں گے، (4) شیطان کی حیرت انگیز طور پر کروڑوں کو دھوکہ دینے کی حکمت عملی۔ اگر آپ سوچ رہے ہیں کہ پروٹسٹنٹ گرجاگھر سبت کو اتوار سے بدلنے کے پوپ کے دعوے کے بارے میں کیا کہتے ہیں، تو اگلے دو صفحات پر ظاہر ہونے والے اقتباسات چونکا دینے والے جوابات فراہم کریں گے۔

## 12 خُدا آپ سے اپنے مقدّس ساتویں دن سبت کو پاک ماننے کے لیے کہہ رہا ہے جیسا کہ آپ نے اُس کی نجات کو قبول کر لیا ہے اور جہاں وہ لے جائے گا اُس کی پیروی کریں گے۔ کیا آپ اب اُس کے سبت کے دن کو مقدّس رکھنے کا فیصلہ کریں گے؟

آپ کا جواب: ☐

# سبت کے بارے میں کلیسیاؤں اور دیگر اعلیٰ حکام کے تبصرے

**بپٹسٹ:** "سبت کے دِن کو پاک ماننے کا حکم تھا اور ہے، لیکن وہ سبت کا دن اتوار نہیں تھا۔۔۔ تاہم، یہ کہا جائے گا، اور کچھ کامیابی کے ساتھ، کہ سبت کا دن ساتویں سے ہفتے کے پہلے دن میں منتقل کیا گیا تھا۔۔۔ ایسی تبدیلی کا ریکارڈ کہاں سے مل سکتا ہے؟ نئے عہد نامہ میں نہیں—— بالکل نہیں۔ ساتویں سے ہفتے کے پہلے دن تک سبت کے ادارے کی تبدیلی کا کوئی صحیفائی ثبوت نہیں ہے۔ -ڈاکٹر ایڈورڈ ٹی ہسکوکس، دی بیپٹسٹ مینول کے مصنف، 13 نومبر 1893 کو منعقد ہوئی۔

**کیتھولک:** "آپ بائبل مقدّس کو پیدائش سے مکاشفہ تک پڑھ سکتے ہیں، اور آپ کو اتوار کے مقدّس ٹھہرانے جانے کی اجازت دینے والی ایک بھی سطر نہیں ملے گی۔ صحیفے ہفتہ کو مذہبی طور پر پاک ماننے کو نافذ کرتے ہیں، ایک ایسا دن جسے [کیتھولک] کبھی بھی پاک نہیں مانتے۔ جیمز کارڈینل گبنز، دی فیتھ آف ہمارے فادرز، 93واں ایڈیشن، 1917، صفحہ۔ 58

**چرچ آف کرائسٹ:** "آخر میں، ہمارے پاس اِس موضوع پر مسیح کی گواہی ہے۔ (مرقس 2:27) میں، وہ کہتا ہے: 'سبت کا دن اِنسان کے لیے بنایا گیا تھا، نہ کہ انسان سبت کے لیے۔' لیکن انسان کے لیے... یعنی صرف اسرائیل کے لیے نہیں۔ اِس لیے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ سبت کا دن ابتدا سے مقدّس کیا گیا تھا۔ اور یہ آدم کو دیا گیا تھا، یہاں تک کہ عدن میں، اُن اولین اداروں میں سے ایک کے طور پر جو خُدا نے تمام انسانوں کی خوشی کے لیے مقرر کیا تھا۔ رابرٹ ملیگن، سکیم آف ریڈیمپشن (سینٹ لوئس: دی بیتھنی پریس، 1962)، صفحہ۔ 165

**اجتماعیت پسند:** "مسیحی سبت کا دن [اتوار] صحیفوں میں نہیں ہے، اور قدیم کلیسیاء اِسے سبت کا دِن نہیں کہتی تھی۔" ڈوائٹ کی تھیولوجی، والیوم۔ 4، صفحہ۔ 401

**ایپیسکوپل:** "اتوار (Dies Solis، رومن کیلنڈر کا، 'سُورج کا دن،' کیونکہ سُورج کے لیے وقف ہے)، ہفتے کا پہلا دن، ابتدائی مسیحیوں نے عبادت کے دن کے طور پر اپنایا تھا۔۔۔ نئے عہد نامے میں اُس کی پابندی کے لیے کوئی ضابطے متعین نہیں کیے گئے ہیں، اور نہ ہی، درحقیقت، اُس کی پابندی کا حکم بھی دیا گیا ہے۔" -"اتوار،" ایک مذہبی انسائیکلوپیڈیا، والیم۔ 3 (نیو یارک: فنک اینڈ ویگنالز، 1883)، صفحہ۔ 2259



**لوتھرن:** "خُداوند کا دن [اتوار] کی تعمیل خُدا کے کسی حکم بنا پر انجام نہیں دیا جاتا ہے بلکہ یہ چرچ کے اختیار پر چل رہا ہے۔" سبرگ اعتقاد، عقیدہ، کیتھولک سبت کے روز دستی، حصہ 2، باب 1، سیکشن 10 میں نقل کیا گیا ہے۔

**میتھوڈسٹ:** "اتوار کی بات کی جائے۔ نئے عہد نامے میں اِس کے متعلق اشارے ملتے ہیں کہ کس طرح چرچ ہفتے کے پہلے دن کو عبادت کے دن کے طور پر اُسے پاک رکھے، لیکن وہاں کوئی حوالہ نہیں ہے کہ مسیحیوں کو اِس دِن کو برقرار رکھنے کے لئے، یا یہودی سبت کو اِس دِن میں منتقل کرنے کا حکم دیا جائے۔"—— ہیرس فرینکلن رول، کرسچن ایڈووکیٹ، 2 جولائی، 1942

**موڈی بائبل انسٹی ٹیوٹ:** "باغ عدن میں سبت کی پابندی تھی، اور تب سے یہ نافذ العمل ہے۔ یہ چوتھا حکم لفظ 'یاد رکھنا' کے ساتھ شروع ہوتا ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جب سبت کا وجود پہلے ہی تھا جب خُدا نے کوہ سینا پر پتھر کی لوحوں پر احکام لکھے۔ اِنسان کیسے دعویٰ کر سکتا ہے کہ یہ حکم ختم ہو گیا ہے جب وہ تسلیم کرتے ہیں کہ باقی نو احکام ابھی لاگو ہیں؟" ڈی ایل موڈی، وزن اور مطلوبہ، صفحہ۔ 47

**پریسبیٹیرین:** "اِس لئے، جب تک یہ ظاہر نہیں کیا جا سکتا ہے کہ پورا اخلاقی قانون منسُوخ کر دیا گیا ہے، سبت کا دن ثابت قدم کھڑا رہے گا۔... مسیح کی تعلیم سبت کے دن کی مستقل ہونے کی تصدیق کرتی ہے۔" ٹی سی بلیک، ڈی ڈی، تھیلوجی کنڈنیس، پی پی 474، 475

**پینٹی کوسٹل:** "ہم اتوار کو ہی کیوں عبادت کے لئے مخصوس کرتے ہیں؟ کیا بائبل مقدّس ہمیں سکھاتی ہے کہ ہفتہ خُداوند کا دن ہونا چاہیئے؟... ظاہر ہے کہ ہمیں نئے عہد نامے کے علاوہ کسی دوسرے ذریعہ سے جواب تلاش کرنے کی ضرورت ہے"۔ ڈیوڈ اے ووماک {David A. Womack}، "اتوار خُدا کا دن ہے؟

**انسائیکلوپیڈیا:** "عوام نے اتوار کا نام ہفتے کے پہلے دن کو دیا، کیونکہ یہ وہ دِن تھا جس دِن اُنہوں نے سورج کی پوجا کی تھی۔... ساتویں دِن خُدا کی ذات نے خود کو بابرکت اور تقدیس عطا کیا، اور... وہ اپنی مخلوق سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ وہ اسے حرم سے مقدس رکھے۔ یہ حکم آفاقی اور دائمی فریضہ کا حامل ہے۔" ایڈی کا بائبلکل سانگلو پیڈیا، 1980ء، صفحہ۔ 561

یہاں اپنی رائے یا سوالات لکھیں۔


# یہ مطالعاتی گائیڈ نمبر 27 کی
# سیریز میں سے صرف ایک ہے !

ہر مطالعاتی گائیڈ حیرت انگیز حقائق سے بھرپور ہے
جو آپ اور آپ کے خاندان کو متاثر کریں گی۔
کسی ایک کو مت چھوڑیں !



مخالفِ مسیح
کون ہے؟


عرش سے فرشتوں
کے پیغامات


منصوبہ نجات کا
آسمانی ڈھانچہ


صحیح وقت پر !
نبُوّتی فرمان کا ظہور


آخری عدالت


حَیوان کی چھاپ


بائبل کی پیشینگوئی
میں امریکہ کا کردار


"دُوسری"
عَورت


مسیح کی دُلہن


کیا خُدا نجومیوں اور
نفسیات کی حوصلہ
افزائی کرتا ہے؟


کیا ہم خدا پر یقین
رکھتے ہیں؟


ایک محبّت جو بدل
دیتی ہے


پیچھے نہیں مڑنا

کیا آپ نے ہماری پہلی 14 مطالعاتی گائیڈز دیکھی ہیں؟ اگر نہیں، تو ضرور لکھیں:
**Amazing Facts India, Post Box No 51, Banjara Hills, Hyderabad - 500034**

# 20 خلاصہ شیٹ

برائے مہربانی اس سمری شیٹ کو پُر کرنے سے پہلے اس سبق کو پڑھیں۔ تمام جوابات اسٹڈی گائیڈ میں مل سکتے ہیں۔
دُرست جواب کے ذریعے چیک Tick لگائیں۔ قوسین میں نمبر (1) صحیح جوابات کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔
فارم کو پُر کرنے کے لیے برائے مہربانی "Adobe Reader" استعمال کریں۔

---

1۔ بہت سے لوگوں کو پہلے ہی حَیوان کی چھاپ مل چکی ہے۔ (1)
- [ ] جی ہاں۔
- [ ] نہیں۔

2۔ حَیوان کی چھاپ ہے (1)
- [ ] آپ کا سوشل سیکورٹی نمبر۔
- [ ] اتوار بطور مقدّس دن۔
- [ ] خردونوش کی قیمتوں کا تعین کرنے کے بار کوڈز۔

3۔ حَیوان کی تنظیم جس کی چھاپ ہے (1)
- [ ] اقوام متحدہ۔
- [ ] پاپائیت۔
- [ ] متحدہ یورپ۔
- [ ] تین نکاتی کمیشن۔

4۔ چھاپ جسمانی ہے اور سبھی دیکھیں گے۔ (1)
- [ ] جی ہاں۔
- [ ] نہیں۔

5۔ خُدا کی مہر بھی ہے جو اُس کی قدرت اور اختیار کی نشانی بھی ہے۔ (1)
- [ ] جی ہاں۔
- [ ] نہیں۔

6۔ خُدا کے اختیار کی نشانی ہے۔ (1)
- [ ] ایک خفیہ نمبر جو ہر وفادار مسیحی کو دیا جاتا ہے۔
- [ ] زُبانوں میں باتیں کرنا۔
- [ ] تخلیق اور تقدیس کی یادگاری میں سبت کا دن پاک ماننا۔
- [ ] بپتسمہ۔

7۔ "حَیوان" نے خُدا کے قانون کو بدلنے کی کوشش کیسے کی؟ (2)
- [ ] سبت کے دن (چوتھے حکم کا) کو اتوار میں تبدیل کرنا
- [ ] یہ تعلیم دینا کہ زنا کرنا گناہ نہیں ہے
- [ ] مورتوں کی تعظیم کے خلاف حکم کو ہٹانا

8۔ بائبل مقدّس کی پیشینگوئی میں, 42 مہینے کتنا طویل عرصہ ہے؟ (1)
- [ ] 420 لفظی سال
- [ ] ساڑھے تین لفظی سال
- [ ] 1،260۔ لفظی دِن
- [ ] 1،260۔ لغوی سال

9۔ حَیوان کی چھاپ کہاں پر لگائی جائے گی؟ (2)
- [ ] ہاتھ کے اندر
- [ ] منہ پر
- [ ] گال پر
- [ ] پیشانی میں

10۔ خُدا کی مہر کہاں پر لگائی جائے گی؟ (1)
- [ ] ہاتھ پر
- [ ] پیشانی میں
- [ ] شخص کی زُبان پر

11۔ تین فرشتوں میں سے کون سا پیغام حَیوان کی چھاپ کے خلاف انتباہ ہے؟ (1)
- [ ] پہلے فرشتہ کا پیغام
- [ ] دوسرے فرشتہ کا پیغام
- [ ] تیسرے فرشتہ کا پیغام

اگلے صفحے پر جاری ہے۔ ◀◀

12۔ حَیوان نے خُدا کے اوقات کو تبدیل کرنے کی کوشش کی بذریعہ (2)
- نئے سال کو بطور تعطیل ماننے سے۔
- خُدا کے مقدّس دِن ہفتے کو ساتویں سے پہلے دن میں تبدیل کرنے سے۔
- خُدا کے مقدّس دن کے اوقات کو غروب آفتاب کے بجائے آدھی رات سے آدھی رات تک مقرر کرنا۔

13۔ خُدا نے ہمیں حَیوان کی چھاپ کے حوالے سے انتباہی پیغام دیا۔ (1)
- جی ہاں۔
- نہیں۔

14۔ صحیفہ میں نشانی، علامت، مہر، اور ٹوکن ایک دوسرے کے متبادل استعمال ہوتے ہیں۔ (1)
- جی ہاں۔
- نہیں۔

15۔ اتوار کو مقدس دن کے طور پر ماننے کے لئے وہاں کوئی صحیفائی اختیار نہیں ہے۔ (1)
- سچ ہے۔
- غلط۔

16۔ مجھے یقین ہے کہ مجھے خُدا کے ساتویں دن سبت (ہفتہ) کو اُس کے مقدّس دن کے طور پر پاک رکھنا شروع کرناچاہیے۔
- جی ہاں۔
- نہیں۔

اُوپر دیے گئے تمام سوالات کے جوابات دینا یقینی بنائیں!

AMAZING FACTS

**اندراج کے لیے اپنا نام، ای میل اور فون نمبر درج کریں۔**
**اپنی اگلی مفت مطالعاتی گائیڈ حاصل کرنے کے لیے "جمع کروائیں" پر کلک کریں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آپ کا نام: | | | | | |
| آپ کا ای میل: | | | | | |
| فون نمبر: | | | | | |
| آپ کا پتہ: | | | | | |
| شہر، ضلع: | | ریاست: | | ملک: | |
| پن: | | عمر گروپ: | | جنس: | |

جمع کروائیں

اپنے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔


www.AmazingFacts.org • www.AmazingFactsIndia.org • UrduBibleSchool@AFTV.in
© 2025 Amazing Facts International • All Rights Reserved • +91 9169164480